ilmkidunya

علم کی دنیا

Education - 9th Class Education Urdu Medium Short Question Preparations

Q1. لڑکپن کی تعریف کریں.

Ans 1: بچے کا لڑکپن کا دور 2سال سے 6سال کی عمرتک کا ہوتا ہے.اس دور میں بچے کے دودھ کے دانت مکمل ہو جاتے ہیں اور بچہ ٹھوس غذا کھانے لگ جاتا ہے-وہ مختلف کاموں مٰن خود لفیل ہو جاتا ہے.مثلاً بولنا.چلنا،کپڑے پہننا وغیرہ

Q2. شیر خوارگی میں بچے کا قد کس انداز سے بڑھتا ہے؟

Ans 1: شیر خوارگی میں بچے کی ٹانگوں اور جسم بڑھنے کے ساتھ ساتھ بالائی جسم کا بھا ری پن کم ہو جاتا ہے.عمر کے دوسرے سال میں جسمانی نشونما کی رفتار پہلے سال کی نسبت کم رہتی ہے اور عام طور پر لڑکیوں کا قد اور وزن زیادہ ہوتا ہے.

Q3. عمر کے کس دور کو مثالی دور کہا جاتا ہے

Ans 1: عام طور پر بچپن کے دور کو عمر کا مثالی دور کہا جاسکتا ہے

Q4. تعلیم کے وظائف تفصیلا بیان کیجے

Ans 1: تعلیم تین اہم وظائف سرانجام دیتی ہے ماہرین تعلیم کی نظر میں یہ وظائف فرد کی تکمیل اور معاشرے کی صحت مند تشکیل کے لیے بہت ضروری سمجھے جاتے ہیں جو کہی درج ذیل ہیں ثقافتی ورثے کا تحفظ اور منتقلی ثقافت کی تشکیل نو فرد کی ضروریات کی تکمیل

Q5. تعلم کسے کہتے ہیں؟

Ans 1: "تعلم سے فرد کے اندر پیدا ہونے والی تبدیلیاں نسبتاً دیر پا ہوتی ہیں،یہ تبدیلیاں 'ماحول میں پیش آنے والے تجربات کے سبب پیدا ہو تی ہیں.جو اس فرد کو اپنے ماحول میں مناسب اندازسے اپنا کردار انجام دینے اور پیش آنے والے مسائل کو حل کرنے کے قابل بنا دیتی ہیں"

Q6. غیر رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے

Ans 1: غیر رسمی تعلیم میں تعلیمی مقاصد اور نصاب بھی طے شدہ ہوتا ہے لیکن باقاعدہ تعلیمی اداروں کا قیام عمل میں لایا جاتا اس سلسلے میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی کلاسز کے مختلف مضامین کی تیاری کے لیے ٹیوشن کے باقاعدہ اداروں کی مثال دی جاسکتی ہے

Q7. علم مافع سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: علم نافع سے مراد نفع دینے والا علم ہے.

Q8. بلوغت اور جسمانی نشوونما کی تعریف کیجے

Ans 1: بلوغت کے دور میں ہڈیاں اعصاب اور جسم کے دیگر غدودکی نشوونما مکمل ہوجاتی ہے دھڑ اور بازوؤں کا توازن خوب صورت ہوجاتا ہےچہرے کے نقوش مستقل شکل اختیار کرلیتے ہیں لڑکیاں مکمل عورتیں نظر آتی ہیں جب کہ لڑکوں کے چہروں پر بال اور آواز مردانہ اور موٹی ہو جاتی ہے عورتوں کی آواز باریک اور پتلی

ہوجاتی ہے

Q9. اسلامی نظریہ حیات کے مطابق علم کا سرچشمہ کون ہے

Ans 1: اسلامی نظریہ حیات کے مطابق علم کا سرچشمہ اللہ تعالی کی ذات ہے یہ علم قرآن پاک اور حدیث کی شکل میں ہمارے پاس محفوظ ہے یعنی مسلمانوں کی تعلیم کے مقاصد کا سرچشمہ بھی قرآنی تعلیمات ہیں

Q10. افراد کے اجسام میں جنسی تبدیلیاں عمر کے کس دور میں واضح ہوتی ہیں

Ans 1: دور بلوغت کے اجسام میں جنسی تبدیلیاں واضح ہوتی ہیں اس دور میں لڑکے مکمل مرد اور لڑکیاں مکمل عورت بن جاتی ہیں

Q11. کائنات کا خالق کون ہے

Ans 1: کائنات کا خالق اور مالک اللہ تعالی ہے

Q12. تعلیمی امور کی تقسیم کے اصولوں کی آگاہی کیسے ممکن ہے؟

Ans 1: اس مضمون کے ذریعے تعلیمی اداروں کے سربراہ تعلیمی اداروں کے امور اوران کے اصولوں سے آگاہی حاسل کرتے ہیں،جن کی بنا پر وہ اپنے اداروں کو بہتر سمجھ پاتے ہیں.

Q13. علامہ اقبال نے تعلیم کے بارے میں کیا فرمایا

Ans 1: مفکر اسلام شاعر مشرق علامہ اقبال تعلیم کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر علم کی قوت دین کے تابع ہوجائے تو نوع انسان کیلئے سرپا رحمت ہے یہ بھی یاد رہے کہ اسلام کا تصور دین مغرب کے تصور مذہب کی طرح صرف پرستش کی رسموں تک محو نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد زندگی کے ہرشعبے کو اللہ تعالی کی رضا کے تابع بناتا ہے

Q14. گھریلو ماحول تعلم پر کس طرح اثرانداز ہو تا ہے؟

Ans 1: گھر کے افراد اگر بچے پر توجہ دیں گے،اسے مناسب خوراک فراہم کریں گے-اس کو ماحول اور موسم کی گرمی سردی سے محفوظ رکھیں گے.اس کے ساتھ مشفقانہ سلوک کریں گے.تو یقیناً بچے کی شخصیت پر اچھے اثرات مرتب ہونگے.وہ اپنے اس خوشگوار ماحول سے بھر پور فائدہ اٹھائے گا.یہ ساری باتیں اس کہ سیکھنے کے عمل میں مثبت کردار ادا کریں گی.اس کے برعکس جس بچے کے گھر کے افراد آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہیں-بچے کو مارتے پیٹتے ہیں،اس پر توجہ نہیں دیتے-تو اس میں باغیانہ کیفیات جنم لیتے ہیں اور کسی چیز کے سیکھنے میں دلچسبی نہ لے تو تعلم کی رفتار سست ہو جائےگی.

Q15. انڈرسن کے مطا بق نشونما کیسا عمل ہے؟

Ans 1: "نشونما ایک ایسا عمل ہے جسمیں جسمانی بناوٹ کی سانچوں کے اعتبار سے بڑھو تری کو نہیں دیکھا جا تا ہے اسے قابلیت کی مقداری تبدیلوں کا نام ہی نہیں دیا جاتا بلکہ نشونما کا عمل پیچیدہ اور مربوط ہے".

Q16. علم التعلیم سے کیا مراد ہے

Ans 1: علم التعلیم سے کیا مراد وہ مضمون ہے جس کی مدد سے ہم تعلیم کے مقاصد طریقہ ہائے تدریس جائزہ اساتذہ اور شاگرد کے تعلقات دوسرا معاشرہ کے تعلقات کے علاوہ نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کو زیر بحث لاتے ہیں تاکہ درست راستہ اختیار کرکے فرد اور معاشرہ کی اصلاح کرسکیں

Q17. اسلامی نقطہ نظر سے علم کی اہمیت اور مقاصد بیان کریں

Ans 1: ??? ?? ??? ????? ??? ???? ?? ?? ??? ?? ??? ??? ???? ?? ???? ????? ?? ???? ??? ?? ??? ??? ???? ??? ?? ??? ???? ????? ???????? ?? ?? ?? ???? ??? ?? ?????? ?? ????? ??? ?? ?? ????? ?? ??? ???? ???? ?? ???? ????? ?? ??? ????? ?? ??? ???? ?? ??? ??? ?????? ????? ???? ??

Ans 2: وقل رب زدنی علما ترجمہ: کہو اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما اللہ کے نزدیک عالم اور جاہل برابر نہیں ہیں قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے

Q18. تعلیم معاشرہ میں کیا کردار ادا کرتی ہے

Ans 1: اگر کسی فرد کو تعلیم میسر نہ آئے تو اس کی بے شمار صلاحتیں دبی رہ جاتی ہیں یا منفی رخ اختیار کرلیتی ہیں اس طرح وہ اپنے ماحول اور معاشرے کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرنے کا باعث بنتا ہے تعلیم سے انسان کی شخصیت میں نکھار پیدا ہوتا ہے اور اس کی صلاحیتیں معاشرے کے لیے مثبت تبدیلی لاتی ہمیں معاشرہ افراد سے ترتیب پاتا ہے اچھے افراد مل کر اچھا معاشرہ بناتے ہیں

Q19. ثقافت کے تحفظ میں تعلیم کا کیا کردار ہے؟

Ans 1: تعلیم جہاں پر متعلم کی اچھی تربیت کی ذمہ دار ہے وہاں اس پر یہ فرض بھی عائد ہوتا ہے کہ وہ تہذیب و ثقافت کے حفاظت کرے اور اسے آئندہ نسل میں منتقل کرنے کا اہتمام کرے. دوسرے الفاظ میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کی تعلیم کے بغیر ثقافت کا تحفظ نا ممکن ہے.

Q20. علم التعلیم کا مضمون کیوں متعارف کروایا گیا ہے

Ans 1: تربیت کے سلسلے میں خوشگوار اور مثبت نتائج کے حصول کیلے طلبہ کے رجہانات اور ان کے مستقبل کی ضروریات کا خیال رکھنا ضروری ہے طلبہ کی اپنی ضروریات کو پورا کرنے کیلے پاکستان میں علم التعلیم کا مضمون متعارف کرایا گیا ہے